آسان حدیثیں اور دعائیں

ڈاکٹر محمد حسین مشاہد رضوی

شکریہ

ھم محترم جناب عزت مآب!

ڈاکٹر محمد حسین مشاہد رضوی مدظلہ العالی

کے نہایت مشکور وممنون ہیں کہ انھوں نے یہ کتاب انٹرنیٹ پر پبلش کرنے کے لئے نفس اسلام ٹیم کو عنایت فرمائی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ انکے اس تعاون پر اجر کثیر عطا فرمائے اور قبلہ ڈاکٹر صاحب کے فیوض وبرکات ودرجات میں مزید اضافہ فرمائے۔

آمین یارب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بجاہ النبی الامین وصلی اللہ علیہ وسلم

دعائے مغفرت کی طلبگار ☆ نفس اسلام ٹیم ☆

www.nafseislam.com

بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَةً

میری طرف سے پہنچادو اگر ایک ہی آیت ہو (الحدیث)

مسلمان بچے اور بچیوں کیلئے فرامین مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور دعاؤں کا دلکش مجموعہ

آسان حدیثیں اور دعائیں

..... مرتب .....

ڈاکٹر محمد حسین مشاہد رضوی

------پبلیشر------

رحمانی پبلکیشنز

1032 انصار روڈ، ڈاکٹر سراج احمد کے دواخانے کے سامنے، اسلامپورہ،

مالیگاؤں، مہاراشٹر Mob : 9890801886 / 9270704505

نام کتاب	:	آسان حدیثیں اور دعائیں
مرتب	:	ڈاکٹر محمد حسین مشاہد رضوی
کمپوزنگ	:	شاہد اختر، حرا کمپیوٹرس، مالیگاؤں
صفحات	:	32
تعداد	:	ایک ہزار
سن اشاعت	:	2013ء
طباعت	:	شارپ آفسیٹ پریس، مالیگاؤں
ہدیہ	:	-/15

----- Publisher-----

Rahmani Publication

1032,Islampura,Malegaon-423203(Dist-Nasik)

Mob : 9890801886 / 9270704505

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کے مقدس کلام قرآن کریم کے بعد جس کلام کو سب سے زیادہ اہمیت اور فضیلت حاصل ہے وہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی پیاری پیاری باتیں ہیں جن کو ہم "حدیث" کہتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ کی زبانِ مبارک سے نکلی ہوئی احادیث کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ آپ ﷺ اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتے بل کہ وہی ارشاد فرماتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی مرضی ہوتی ہے، چناں چہ اللہ رب العزت فرماتا ہے: وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوحٰى (اور وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے وہ تو نہیں، مگر وحی جو ان کی طرف کی جاتی ہے، النجم 3/4)

جس طرح قرآن کریم حفظ کرنے کی بہت فضیلتیں ہیں اسی طرح احادیث طیبہ کو یاد کرنے پر بھی بہت بڑے اجر وثواب کی خوش خبریاں سنائی گئی ہیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو بندۂ مومن چالیس حدیثیں یاد کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کا حشر انبیائے کرام علیہم السلام اور علما کے ساتھ فرمائے گا۔

اسی طرح قرآن کریم اور احادیث طیبہ میں دعا کی بھی بڑی اہمیت وفضیلت ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ (اور اللہ سے مانگو وہ تمہاری دعائیں قبول فرمائے گا) اس آیت کریمہ میں اللہ نے بندوں کو دعا مانگنے کی تاکید فرمائی ہے اور اسے قبول کرنا اپنے ذمۂ کرم پر لیا ہے۔ پیارے نبی ﷺ فرماتے ہیں کہ: "جو اللہ سے دعا نہیں مانگتا اللہ تعالیٰ اس پر غضب ناک ہوتا ہے۔ (حصن حصین) لہٰذا ہمیں دعا مانگنے میں کسی طرح کی سستی اور غفلت نہیں کرنی چاہیے بل کہ دعاوں کی برکتوں سے اپنی بگڑی قسمت کو سنوارنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

احادیث طیبہ اور دعاوں کی اہمیت وفضیلت کے پیش نظر مسلمان بچے اور بچیوں کے لیے آسان اور مختصر حدیثوں اور دعاوں کا یہ مجموعہ "آسان حدیثیں اور دعائیں" مرتب کیا گیا ہے تاکہ ہماری قوم کے نونہال اس میں درج کی گئی حدیثوں اور دعاوں کو یاد کرکے ان کا ورد کریں۔ واضح ہونا چاہیے کہ اس مجموعے میں جمع کی گئی حدیثیں معتبر ومستند کتب احادیث سے ماخوذ ہیں۔ احادیث کا ترجمہ بھی نقل کیا گیا ہے تاکہ بچے احادیث کو بامعنی سمجھ کر پڑھیں اور عمل بھی کریں۔ اسی طرح قرآن کریم اور احادیث سے آسان اور مختصر دعائیں بھی اس کتاب میں یکجا کی گئی ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم ان احادیث اور دعاوں کو خود بھی یاد کریں اور اپنے بچوں کو بھی یاد کرائیں کہ اس سے ہمیں دونوں جہاں میں سرخ روئی نصیب ہوگی ان شاء اللہ۔ قارئین سے التماس ہے کہ مرتب وپبلشر کے حق میں دعا کریں اور کتاب پر اپنی گراں قدر رائے سے ضرور نوازیں نیز خامیوں کی نشان دہی فرما کر ممنون ومتشکر ہوں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں ان کی اصلاح کی جاسکے۔

(ڈاکٹر) محمد حسین مشاہدؔ رضوی (سروے نمبر 39 پلاٹ نمبر 14 نیا اسلام پورہ، مالیگاؤں، ناسک)

14 محرم الحرام 1434ھ / 29 نومبر 2012ء www.mushahidrazvi.blogspot.in

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آسان حدیثیں

(چھل حدیث)

عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَرْبَعِيْنَ حَدِيْثًا اَلَّتِيْ قَالَ مَنْ حَفِظَهَا مِنْ اُمَّتِيْ دَخَلَ الْجَنَّةَ قُلْتُ وَمَا هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) وہ چالیس حدیثیں کیا ہیں جن کے بارے میں آقا ومولا نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ جو ان کو یاد کرے جنت میں داخل ہوگا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اشاد فرمایا:

	عربی	اردو
۱	اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ	تو اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے۔
۲	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	اور آخرت کے دن پر۔
۳	وَالْمَلٰٓئِكَةِ	اور فرشتوں کے وجود پر۔
۴	وَالْكُتُبِ	اور سب آسمانی کتابوں پر۔
۵	وَالنَّبِيِّيْنَ	اور تمام انبیائے کرام پر۔
۶	وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ	اور مرنے کے بعد دوبارہ زندگی پر
۷	وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى	اور تقدیر پر کہ بھلا اور برا جو کچھ ہوتا ہے سب اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے۔

۸ وَاَنْ تَشْهَدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ — اور گواہی دے اس پر کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اللہ کے سچے رسول ہیں۔

۹ وَتُقِيْمَ الصَّلٰوةَ بِوُضُوْءٍ سَابِغٍ كَامِلٍ لِّوَقْتِهَا — اور ہر نماز کے وقت کامل وضو کر کے نماز کو قائم کرے (۱)

۱۰ وَتُؤْتِيَ الزَّكٰوةَ — اور زکوٰۃ ادا کرے۔

۱۱ وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ — رمضان کے روزے رکھے۔

۱۲ وَتَحُجَّ الْبَيْتَ اِنْ كَانَ لَكَ مَالٌ — اگر مال ہو تو حج بیت اللہ کرے۔

۱۳ وَتُصَلِّيَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ — بارہ رکعات سنت مؤکدہ روزانہ ادا کرے۔ (۲)

۱۴ وَالْوِتْرَ لَا تَتْرُكُهُ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ — وتر کسی رات میں نہ چھوڑے۔

۱۵ وَلَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا — اللہ جل شانہ کیساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرے۔

۱۶ وَلَا تَعُقَّ وَالِدَيْكَ — والدین کی نافرمانی نہ کرے۔

۱۷ وَلَا تَاْكُلْ مَالَ الْيَتِيْمِ ظُلْمًا — ظلم سے یتیم کا مال نہ کھائے۔

۱۸ وَلَا تَشْرَبِ الْخَمْرَ — اور شراب نہ پیئے۔

۱۹ وَلَا تَزْنِ — زنا نہ کرے۔

۲۰ وَلَا تَحْلِفْ بِاللّٰهِ كَاذِبًا — اور جھوٹی قسم نہ کھائے۔

۲۱ وَلَا تَشْهَدْ شَهَادَةَ زُوْرٍ — جھوٹی گواہی نہ دے۔

۲۲ وَلَا تَعْمَلْ بِالْهَوٰى — خواہشات نفسانیہ پر عمل نہ کرے۔

(۱) کامل وضو وہ کہلاتا ہے جس میں آداب و مستحبات کی رعایت رکھی گئی ہو اور ہر نماز کیلئے نیا وضو مستحب ہے اور نماز قائم کرنے سے مراد یہ ہے کہ اس کے تمام ظاہری و باطنی آداب کا اہتمام کرے۔

(۲) فجر سے پہلے دو رکعت، ظہر سے قبل چار رکعت، ظہر کے بعد دو رکعت، مغرب کے بعد دو رکعت اور عشاء کے بعد دو رکعت

۲۳ وَلَا تَغْتَبْ اَخَاكَ الْمُسْلِمَ — مسلمان بھائی کی غیبت نہ کر۔

۲۴ وَلَا تَقْذِفِ الْمُحْصِنَةَ — اور عفیفہ عورت یا مرد پر تہمت نہ لگا۔

۲۵ وَلَا تَغُلَّ اَخَاكَ الْمُسْلِمَ — اپنے مسلمان بھائی سے کینہ نہ رکھ۔

۲۶ وَلَا تَلْعَبْ — لہو ولعب میں مشغول نہ ہو۔

۲۷ وَلَا تَلْهُ مَعَ اللَّاهِيْنَ — تماشہ بینوں میں شریک نہ ہو۔

۲۸ وَلَا تَقُلْ لِّلْقَصِيْرِ يَا قَصِيْرُ تُرِيْدُ بِذٰلِكَ عَيْبَهٗ — کسی پستہ قد کو عیب کی نیت سے ٹھگنا مت کہے۔

۲۹ وَلَا تَسْخَرْ بِاَحَدٍ مِّنَ النَّاسِ — کسی کا مذاق مت اڑا۔

۳۰ وَلَا تَمْشِ بِالنَّمِيْمَةِ بَيْنَ الْاَخَوَيْنِ — نہ مسلمانوں کے درمیان چغل خوری کر۔

۳۱ وَاشْكُرِ اللّٰهَ تَعَالٰى عَلٰى نِعْمَتِهٖ — اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر اُسکا شکر ادا کر۔

۳۲ وَاصْبِرْ عَلَى الْبَلَآءِ وَالْمُصِيْبَةِ — بلا اور مصیبت پر صبر کر۔

۳۳ وَلَا تَاْمَنْ مِنْ عِقَابِ اللّٰهِ — اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بے خوف مت ہو۔

۳۴ وَلَا تَقْطَعْ اَقْرِبَائَكَ — رشتہ داروں سے قطع تعلق مت کر۔

۳۵ وَصِلْهُمْ — بلکہ ان کے ساتھ صلہ رحمی کر۔

۳۶ وَلَا تَلْعَنْ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِ اللّٰهِ — اللہ کی کسی مخلوق کو لعنت مت کر۔

۳۷ وَاَكْثِرْ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ وَالتَّهْلِيْلِ — تسبیح (سبحان اللہ) تکبیر (اللہ اکبر) اور تہلیل (لا الٰہ الا اللہ) کا اکثر ورد رکھا کر۔

۳۸ وَلَا تَدَعْ حُضُوْرَ الْجُمُعَةِ وَالْعِيْدَيْنِ — جمعہ اور عیدین میں حاضری مت چھوڑ۔

۳۹ وَاعْلَمْ اَنَّ مَا اَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِّيُخْطِئَكَ وَمَا اَخْطَاَكَ لَمْ يَكُنْ لِّيُصِيْبَكَ — اور اس بات کا یقین رکھ کہ جو تکلیف اور راحت تجھے پہنچی وہ مقدر میں تھی جو ٹلنے والی نہ تھی اور جو کچھ نہیں پہنچا وہ کسی طرح بھی پہنچنے والا نہ تھا۔

۴۰ وَلَا تَدَعْ قِرَاءَةَ الْقُرْآنِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ

اور کلام اللہ کی تلاوت کسی حال میں بھی مت چھوڑ۔

قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَاثَوَابُ مَنْ حَفِظَ هٰذِهِ الْاَرْبَعِیْنَ ط قَالَ: حَشَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی مَعَ الْاَنْبِیَاءِ وَالْعُلَمَاءِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ط

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جو کوئی ان چالیس حدیثوں کو حفظ کرے اس کے لئے کیا اجر ہے؟ رسول مختار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ حق سبحانہ وتعالیٰ اس کا حشر انبیائے عظام علیہم السلام اور علمائے کرام کے ہمراہ فرمائے گا۔

متفرق احادیث

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان عالیشان ہے کہ:

۱ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَاِنَّمَا لِکُلِّ امْرِءٍ مَّا نَوٰی

اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے اور ہر شخص کو اس کی نیت کے مطابق اجر ملے گا۔

۲ مَنْ زَارَ تُرْبَتِیْ وَجَبَتْ لَهٗ شَفَاعَتِیْ

جس نے میری قبر کی زیارت کی اس پر میری شفاعت واجب ہوگئی۔

۳ وَاللّٰهُ یُعْطِیْ وَاَنَا قَاسِمٌ

اللہ دیتا ہے اور میں بانٹتا ہوں۔

۴ لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ فَاِنِّیْ اَنَا الدَّهْرُ

زمانے کو برا نہ کہو ہاں زمانہ تو میں ہی ہوں۔ (یعنی زمانے کو الٹ پھیر کرنے والا میں ہی ہوں)

۵ مَنْ تَمَسَّکَ بِسُنَّتِیْ عِنْدَ فَسَادِ اُمَّتِیْ فَلَهٗ اَجْرُ مِائَةِ شَهِیْدٍ

فسادِ امت کے وقت جو میری سنت پر عمل کرے گا اسے سو شہیدوں کا ثواب ملے گا۔

۶ مَنْ اَحَبَّ سُنَّتِیْ فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَحَبَّنِیْ کَانَ مَعِیَ فِی الْجَنَّةِ

جس نے میری سنت سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے مجھ سے محبت کی وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا۔

۷ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَةٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ

علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے (مرد ہو یا عورت) (۱)

۸ اُطْلُبُوا الْعِلْمَ مِنَ الْمَهْدِ اِلَی اللَّحْدِ

گود سے گور تک علم حاصل کرو۔

۹ اَلْعِلْمُ نُوْرٌ

علم نور ہے۔

۱۰ اَلْعُلَمَآءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِیَآءِ

علما انبیا کے وارث ہیں۔

۱۱ عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ

میری اُمت کے علما بنی اسرائیل کے انبیا کی طرح ہوں گے۔

۱۲ اَلدِّیْنُ النَّصِیْحَةُ

دین خیر خواہی کا نام ہے۔

۱۳ اَلدِّیْنُ یُسْرٌ

دین آسان ہے۔

۱۴ نَوْمُ الصُّبْحَةِ یَمْنَعُ الرِّزْقَ

صبح کے وقت کا سونا روزی کو روکتا ہے۔

۱۵ اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْکَلَامِ

بات کرنے سے پہلے سلام کیا کرو۔

۱۶ اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ

پاکی آدھا ایمان ہے۔

۱۷ اَلْوُضُوْءُ مِفْتَاحُ الصَّلٰوةِ

وضو نماز کی کنجی ہے۔

۱۸ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ

لا الٰہ الا اللہ جنت کی کنجی ہے۔

۱۹ اَلصَّلٰوةُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْنَ

نماز مومنوں کی معراج ہے۔

۲۰ اَلصَّلٰوةُ عِمَادُ الدِّیْنِ

نماز دین کا ستون ہے۔

۲۱ قُرَّةُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوةِ

نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔

۲۲ اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ

دعا عبادت کا مغز ہے۔

(۱) علمائے کرام نے وضاحت فرمائی ہے کہ علم سے مراد "علم دین" ہے۔

نمبر	حدیث	ترجمہ
٢٣	اَلدُّعَآءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ	دعا مومن کا ہتھیار ہے۔
٢٤	اَلدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ	دعا عبادت ہی ہے۔
٢٥	مَنْ لَمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ	جو اللہ سے دعا نہیں کرتا اس پر اللہ تعالیٰ غضبناک ہوتا ہے۔
٢٦	لَيْسَ شَيْءٌ اَكْرَمَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الدُّعَاءِ	خدا کے یہاں دعا سے بڑھ کر کسی چیز کی قدر نہیں۔
٢٧	اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ قِرَاءَةُ الْقُرْآنِ	قرآن کی تلاوت بہترین عبادت ہے۔
٢٨	اَكْرِمُوا الْخُبْزَ	روٹی کی عزت کرو۔
٢٩	اَلْاَكْلُ فِي السُّوْقِ دَنَاءَةٌ	بازار میں کھانا ہلکے پن کی نشانی ہے۔
٣٠	اِشْرَبُوا الْمَآءَ اَعْيُنَكُمْ	پانی دیکھ کر پیا کرو۔
٣١	اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ	روزہ ڈھال ہے۔
٣٢	اَلْمُسْلِمُ اَخُ الْمُسْلِمِ	مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے۔
٣٣	اَلْمُسْلِمُ مِرَاءَةُ الْمُسْلِمِ	مسلمان، مسلمان کا آئینہ ہے۔
٣٤	بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ اٰيَةً	میری طرف سے پہنچادو اگر ایک ہی آیت ہو۔
٣٥	اَعْمَالُكُمْ عُمَّالُكُمْ	جیسے تمہارے اعمال ویسے تمہارے حاکم۔
٣٦	اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ	جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین ہے۔
٣٧	تَهَادُوْا تَحَابُّوْا	ہدیہ لیتے دیتے رہو محبوب ہو جاؤ گے۔
٣٨	لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِيْ	میرے صحابہ کو برا مت کہو۔
٣٩	اَفْشُوا السَّلَامَ تَسْلَمُوْا	سلام کو عام کرو محفوظ ہو جاؤ گے۔
٤٠	اِتَّقُوْا مَوَاضِعَ التُّهَمِ	تہمت کی جگہ سے بچو۔
٤١	مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا	دھوکے باز مجھ سے نہیں۔

نمبر	حدیث	ترجمہ
٤٢	مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا فَلَيْسَ مِنِّيْ	جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے ہمارے بڑوں کی عزت نہ کرے مجھ سے نہیں۔
٤٣	اَلزِّنَا يُوْرِثُ الْفَقْرَ	زنا محتاجی پیدا کرتا ہے۔
٤٤	لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ	رشتہ توڑنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔
٤٥	لَا تَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ عَلَى الْمُصِيْبَةِ	مصیبت پر موت کی تمنا نہ کرو۔
٤٦	اَلْخَمْرُ جُمَّاعُ الْاِثْمِ	شراب ہر برائی کی جڑ ہے۔
٤٧	وَالِدَاكَ جَنَّتُكَ اَوْ نَارُكَ	ماں باپ تمہارے لئے جنت ہیں یا جہنم۔
٤٨	اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ	ماں کے قدموں کے نیچے جنت ہے۔
٤٩	اَلْوَالِدُ اَوْسَطُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ	باپ جنت کے دروازوں میں درمیان کا دروازہ ہے۔
٥٠	اَلْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْاُمِّ	خالہ ماں کے قائم مقام ہے۔
٥١	عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ	قبر کا عذاب حق ہے۔
٥٢	اَلْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا	غیبت زنا سے بھی بری چیز ہے۔
٥٣	سُؤْرُ الْمُؤْمِنِ شِفَاءٌ	مومن کا جھوٹا شفا ہے۔
٥٤	مَنْ لَّا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ	جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جائے گا۔
٥٥	اَلْاِسْلَامُ يَعْلُوْ وَلَا يُعْلٰى	اسلام غالب ہونے کیلئے آیا ہے مغلوب ہونے کیلئے نہیں۔
٥٦	لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ قَائِمًا	تم میں سے کوئی کھڑے ہو کر پیشاب نہ کرے۔
٥٧	اَلْجِهَادُ مَاضٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ	جہاد قیامت تک کیلئے چلتا رہے گا۔
٥٨	اَلصَّبْرُ ضِيَاءٌ	صبر اُجالا ہے۔
٥٩	اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ وَالْاِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ	حیا، ایمان سے ہے اور ایمان والا جنت میں جائے گا۔

۶۰ اَلْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ مِنَ النَّارِ — بے حیائی اور فحش گوئی بُرائی کا حصہ ہے اور بُرائی والا دوزخ میں جائے گا۔

۶۱ تَنَظَّفُوْا فَاِنَّ الْاِسْلَامَ نَظِیْفٌ — صاف ستھرے رہو کہ اسلام صاف ستھرا مذہب ہے۔

۶۲ نَظِّفُوْا اَفْنَاءَ کُمْ — اپنا صحن صاف ستھرا رکھو۔

۶۳ مَنْ صَمَتَ نَجٰی — جو خاموش رہا اس نے نجات پائی۔

۶۴ مَنْ ضَحِکَ ضُحِکَ — جو کسی پر ہنسے گا اس پر بھی ہنسا جائے گا۔

۶۵ اَلْمُؤْمِنُ لَا یَکْذِبُ — مسلمان جھوٹ نہیں بولتا۔

۶۶ اَلْعَیْنُ حَقٌّ — نظر کا لگنا حق ہے۔

۶۷ اَلصِّرَاطُ حَقٌّ — پُل صراط سے گزرنا حق ہے۔

۶۸ اَلسُّوَالُ ذُلٌّ — بھیک مانگنا بُری چیز ہے۔

۶۹ یَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِّنَ الْیَدِ السُّفْلٰی — اُوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

۷۰ خَیْرُ الْغِنٰی غِنَی النَّفْسِ — بہترین تونگری، دل کی تونگری ہے۔

۷۱ جَدِّدُوْا اِیْمَانَکُمْ بِقَوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ — اپنے ایمان کو لا الٰہ الا اللہ کے ذکر سے تازہ کیا کرو

۷۲ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ — جس نے لا الٰہ الا اللہ کہہ لیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔

۷۳ حَاسِبُوْا قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوْا — اس سے پہلے تمہارا حساب کتاب لیا جائے اپنا حساب کرلو۔

۷۴ لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِیَةِ الْخَالِقِ — خالق کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں۔

۷۵ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ فَقَدْ رَفَعَهُ اللّٰهُ — جو اللہ تعالیٰ کیلئے عاجزی کرتا ہے اللہ اسے بلندی عطا فرماتا ہے۔

۷۶ کُلُّ ذِیْ نِعْمَةٍ مَحْسُوْدٌ — ہر ذی نعمت حسد کیا جاتا ہے۔

۷۷ کَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ — لوگوں سے اُن کی عقلوں کے مطابق کلام کرو۔

۷۸ طَلَبُ الْحَلَالِ وَاجِبٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ — حلال روزی طلب کرنا ہر مسلمان پر واجب ہے۔

۷۹ اَلْمُجَاهِدُ مَنْ جَهَدَ نَفْسَهٗ — مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس کے ساتھ جہاد کرے۔

۸۰ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ یُّحِبُّ اللَّطَافَةَ — بے شک اللہ تعالیٰ لطیف ہے اور لطافت کو پسند فرماتا ہے۔

۸۱ خَیْرٌ تَلَقَّاهُ وَشَرٌّ تَوَقَّاهُ — خیر کا سامنا کرو اور شر سے بچو۔

۸۲ لَا صَلٰوةَ بَعْدَ الْعَصْرِ وَبَعْدَ الصُّبْحِ — عصر اور صبح کی نماز کے بعد کوئی نفلی نماز نہ پڑھی جائے۔

۸۳ لَا یُصَامُ یَوْمَ الْاَضْحٰی وَیَوْمَ الْفِطْرِ — عید الاضحٰی اور عید الفطر کے روز روزہ نہ رکھا جائے۔

۸۴ اَشْرَفُ الْحَدِیْثِ ذِکْرُ اللّٰهِ — تمام باتوں سے بہتر بات اللہ کا ذکر ہے۔

۸۵ اَشْرَفُ الْمَوْتِ قَتْلُ الشُّهَدَآءِ — سب سے بہتر موت جام شہادت پینا ہے۔

۸۶ شَرُّ الْعُمٰی عُمَی الْقَلْبِ — بدترین اندھاپن، دل کا اندھاپن ہے۔

۸۷ خَیْرُ الزَّادِ التَّقْوٰی — اصلی کارآمد توشہ، تقویٰ ہے۔

۸۸ رَأْسُ الْحِکْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ — دانائیوں کا سرتاج اللہ تعالیٰ کا ڈر ہے۔

۸۹ اَلنِّیَاحَةُ مِنْ عَمَلِ الْجَاهِلِیَّةِ — میت پر چیخنا چلانا جاہلیت کا عمل ہے۔

۹۰ وَالْغُلُوْلُ مِنْ حَرِّ جَهَنَّمَ — خیانت دوزخ کی آگ ہے۔

	حدیث	ترجمہ
۹۱	وَالسُّكْرُ كَيٌّ مِّنَ النَّارِ	شراب کا پینا دوزخ کی آگ سے داغے جانے کے مترادف ہے۔
۹۲	سِبَابُ الْمُؤْمِنِ فُسُوْقٌ وَّقِتَالُهٗ كُفْرٌ	مومن کو گالی دینا فسق ہے اور اس کا قتل کرنا کفر ہے۔
۹۳	وَمَنْ يَّكْظِمِ الْغَيْظَ يَأْجُرُهُ اللّٰهُ	جو غصہ پی جائے گا اللہ اسے اس کا اجر دے گا۔
۹۴	وَمَنْ يَّصْبِرْ عَلَى الرَّزِيَّةِ يُعَوِّضُهُ اللّٰهُ	جو مصیبت پر صبر کرے گا اللہ تعالیٰ اسے اس کا اجر دے گا۔
۹۵	وَمَنْ يَّتَصَبَّرْ يُضْعِفِ اللّٰهُ لَهٗ	جو شخص مصنوعی صبر کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی تکلیف کو بڑھا دے گا۔
۹۶	مَنْ وَقَّرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ فَقَدْ اَعَانَ عَلٰى هَدْمِ الْاِسْلَامِ	جس نے کسی بدمذہب کی تعظیم و توقیر کی تو اس نے اسلام کے ڈھانے پر مدد دی۔
۹۷	اَهْلُ الْبِدَعِ كِلَابُ النَّارِ	بدمذہب دوزخ والوں کے کتے ہیں۔
۹۸	تَدَارُسُ الْعِلْمِ سَاعَةً مِّنَ اللَّيْلِ خَيْرٌ مِّنْ اِحْيَائِهَا	رات میں ایک گھڑی علم دین کا پڑھنا پڑھانا رات بھر کی عبادت سے بہتر ہے۔
۹۹	فَقِيْهٌ وَّاحِدٌ اَشَدُّ عَلَى الشَّيْطَانِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ	ایک فقیہ (یعنی عالم دین) شیطان پر ہزار عابدوں سے زیادہ بھاری ہے۔
۱۰۰	اِنَّ الدُّعَاءَ يَرُدُّ الْقَضَاءَ بَعْدَ مَا اُبْرِمَ	بیشک دعا قضائے مبرم (تقدیر) کو ٹال دیتی ہے۔
۱۰۱	شَفَاعَتِيْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِيْ	میری شفاعت ثابت ہے میری اُمت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کیلئے۔
۱۰۲	يَخْرُجُ قَوْمٌ مِّنْ اُمَّتِيْ مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَتِيْ يُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِيِّيْنَ	میری اُمت کی ایک جماعت میری شفاعت کی بدولت نار دوزخ سے نکالی جائیگی جس کا نام جہنمی پڑا ہوا تھا۔

	حدیث	ترجمہ
۱۰۳	اَلسِّوَاكُ مُطَهِّرَةٌ لِّلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِّلرَّبِّ	مسواک منہ کو پاک کرنے والی اور پروردگار کو راضی کرنے والی چیز ہے۔
۱۰۴	اِذَا اَتَيْتُمُ الْغَائِطَ فَلَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوْهَا	جب تم پاخانہ (یا پیشاب) کیلئے جاؤ تو قبلہ کی طرف منہ نہ کرو اور نہ اس کی جانب پیٹھ کرو۔
۱۰۵	اَلْمُؤَذِّنُوْنَ اَطْوَلُ النَّاسِ اَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ	موذنوں کی گردنیں قیامت کے دن سب سے زیادہ بلند ہوں گی۔
۱۰۶	اَوْلَى النَّاسِ بِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً	قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ میرے قریب وہ شخص ہوگا۔ جس نے سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجا ہے۔
۱۰۷	رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ	اس شخص کی ناک خاک آلودہ ہو جسکے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔
۱۰۸	صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ صَلٰوةَ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ دَرَجَةً	نماز با جماعت کا ثواب تنہا پڑھنے کے مقابلے میں ستائیس درجہ زیادہ ہے۔
۱۰۹	اَحَبُّ الْبِلَادِ اِلَى اللّٰهِ مَسَاجِدُهَا وَاَبْغَضُ الْبِلَادِ اِلَى اللّٰهِ اَسْوَاقُهَا	اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام آبادیوں میں محبوب ترین جگہیں اس کی مسجدیں ہیں اور بدترین مقامات بازار ہیں۔
۱۱۰	مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهٗ شِفَاءً	اللہ تعالیٰ نے کوئی ایسی بیماری نہیں پیدا کی ہے جس کے لئے شفا یعنی دوا نہ اُتاری ہو۔
۱۱۱	اِقْرَءُوْا سُوْرَةَ يٰسٓ عَلٰى مَوْتَاكُمْ	اپنے مرنے والوں کے قریب سورہ یٰسٓ شریف پڑھو۔
۱۱۲	لَا تَسُبُّوا الْاَمْوَاتَ	مُردوں کو گالی نہ دو۔

۱۱۳ اُذْكُرُوْا مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ وَكُفُّوْا عَنْ مَسَاوِيْهِمْ
اپنے مُردوں کی نیکیوں کا چرچا کرو اور ان کی برائیوں سے چشم پوشی کرو۔

۱۱۴ اَلْقَتْلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُكَفِّرُ كُلَّ شَيْءٍ اِلَّا الدَّيْنَ
خدائے تعالیٰ کی راہ میں قتل کیا جانا قرض کے علاوہ ہر گناہ کو مٹا دیتا ہے۔

۱۱۵ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خَبٌّ وَّلَا بَخِيْلٌ وَّلَا مَنَّانٌ
مکار اور بخیل جنت میں داخل نہ ہوں گے اور نہ وہ شخص جو خیرات دے کر احسان جتائے۔

۱۱۶ خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهٗ
تم میں بہترین شخص وہ ہے جس نے قرآن کو سیکھا اور دوسروں کو سکھایا۔

۱۱۷ مَنْ اَرَادَ الْحَجَّ فَلْيَتَعَجَّلْ
جو شخص حج کا ارادہ کرے تو پھر اس کو جلد پورا کرے۔

۱۱۸ اِنَّ عُمْرَةً فِيْ رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً
رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے۔

۱۱۹ مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِيْ بَعْدَ وَفَاتِيْ كَانَ كَمَنْ زَارَنِيْ فِيْ حَيَاتِيْ
جس نے حج کیا اور میری وفات کے بعد میری قبر کی زیارت کی تو ایسا ہے جیسے میری حیات میں میری زیارت سے مشرف ہوا۔

۱۲۰ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ
خدائے تعالیٰ نے انبیائے کرام (علیہم السلام) کے جسموں کو زمین پر کھانا حرام کر دیا ہے۔

۱۲۱ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ جَسَدٌ غُذِّيَ بِالْحَرَامِ
جس بدن کو حرام غذا دی گئی وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

۱۲۲ اَلتَّاجِرُ الصَّدُوْقُ الْاَمِيْنُ مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ
بہت سچے اور دیانت دار تاجر کا حشر نبیوں، صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ ہوگا۔

۱۲۳ لَا يَزْنِي الزَّانِيْ حِيْنَ يَزْنِيْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ
زنا کرنے والا جس وقت زنا کرتا ہے (اس وقت) مومن نہیں رہتا (یعنی مومن کی صفات سے محروم ہو جاتا ہے)

۱۲۴ سَمُّوْا بِاَسْمَاءِ الْاَنْبِيَاءِ
انبیائے کرام کے ناموں پر نام رکھو۔

۱۲۵ سَمُّوْا بِاِسْمِيْ
میرے نام پر نام رکھو۔

۱۲۶ اِنَّ الشَّيْطَانَ يَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ اَنْ لَّا يُذْكَرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ
جس کھانے پر بسم اللہ نہ پڑھی جائے اس کھانے کو شیطان اپنے لئے حلال سمجھتا ہے۔

۱۲۷ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَاْكُلْ بِيَمِيْنِهٖ وَاِذَا شَرِبَ فَلْيَشْرَبْ بِيَمِيْنِهٖ
تم میں سے جب کوئی شخص کھانا چاہے تو سیدھے ہاتھ سے کھائے اور جب پینا چاہے تو سیدھے ہاتھ سے پیئے۔

۱۲۸ لَا يَشْرَبَنَّ اَحَدٌ مِّنْكُمْ قَائِمًا فَمَنْ نَسِيَ فَلْيَسْتَقِئْ
کھڑے ہو کر ہرگز کوئی شخص نہ پیئے اور جو بھول کر ایسا کر گزرے تو وہ قے کر دے۔

۱۲۹ اِلْبَسُوا الثِّيَابَ الْبِيْضَ فَاِنَّهَا اَطْهَرُ فَاَطْيَبُ
سفید کپڑے پہنا کرو اس لئے کہ وہ بہت پاکیزہ اور پسندیدہ ہے۔

۱۳۰ اَلرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ
اچھا خواب خدائے تعالیٰ کی طرف سے ہے اور برا خواب شیطان کی جانب سے ہے۔

۱۳۱ اَلْبَادِئُ بِالسَّلَامِ بَرِيْءٌ مِّنَ الْكِبْرِ
سلام میں پہل کرنے والا غرور و تکبر سے پاک ہے۔

۱۳۲ تَصَافَحُوْا يُذْهِبُ الْغِلَّ
مصافحہ کیا کرو اس سے کینہ دور ہوگا۔

۱۳۳ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ
کامل مسلمان وہ شخص ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان امان میں رہیں۔

۱۳۴ حَقُّ كَبِيْرِ الْاِخْوَةِ عَلٰى صَغِيْرِهِمْ حَقُّ الْوَالِدِ عَلٰى وَلَدِهٖ
بڑے بھائی کا حق چھوٹے بھائی پر ایسا ہے جیسا کہ باپ کا حق بیٹے پر۔

۱۳۵ لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالَّذِيْ يَشْبَعُ وَجَارُهٗ جَائِعٌ اِلٰى جَنْبِهٖ
وہ مومن نہیں جو خود پیٹ بھر کھائے اور اس کا پڑوسی اس کے پہلو میں بھوکا ہے۔

۱۳۶ لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ
چور پر اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے۔

۱۳۷ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَاقٌّ وَلَا قَمَّارٌ وَلَا مَنَّانٌ وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ

والدین کی نافرمانی کرنیوالا، جوا کھیلنے والا، احسان جتانے والااور شراب کا عادی جنت میں داخل نہ ہوگا۔

۱۳۸ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ

چغل خور جنت میں نہیں جائے گا۔

۱۳۹ إِيَّاكُمْ وَالْحَسَدَ فَإِنَّ الْحَسَدَ يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَأْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ

حسد سے اپنے آپ کو بچاؤ اس لئے کہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو۔

۱۴۰ إِنَّ أَحَبَّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللّٰهِ تَعَالَى الْحُبُّ فِي اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ

اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ عمل اللہ ہی کیلئے کسی سے محبت کرنااور اللہ ہی کیلئے کسی سے بیزار رہنا ہے۔

۱۴۱ إِنَّ الْغَضَبَ لَيُفْسِدُ الْإِيْمَانَ كَمَا يُفْسِدُ الصَّبِرُ الْعَسَلَ

غصہ ایمان کو ایسا برباد کرتا ہے جس طرح ایلوا (بھیلاوا) شہد کو خراب کر دیتا ہے۔

۱۴۲ اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ

ظلم (قیامت کے دن) تاریکیوں کا سبب ہوگا۔

۱۴۳ حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ

دنیا کی محبت ہر برائی کی جڑ ہے۔

۱۴۴ اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ

دنیا مومن کا قید خانہ ہے اور کافر کی جنت ہے۔

۱۴۵ لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَلَا صُوْرَةٌ

جس گھر میں کتایا تصویریں ہوں اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔

۱۴۶ اَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا عِنْدَ اللّٰهِ الْمُصَوِّرُوْنَ

خدائے تعالیٰ کے یہاں سب سے زیادہ عذاب ان لوگوں کو دیا جائیگا جو جاندار کی تصویریں بناتے ہیں۔

۱۴۷ اَلْاَنَاةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْعَجَلَةُ مِنَ الشَّيْطَانِ

کاموں میں جلد بازی نہ کرنا اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے اور جلد بازی کرنا شیطان کی طرف سے ہے۔

۱۴۸ مَنْ تَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ كَفَاهُ

جوشخص اللہ تعالیٰ پر توکل کرے (اپنے تمام کام اللہ تعالیٰ کے سپرد کرے) تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے کافی ہے۔

۱۴۹ إِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ

اللہ تعالیٰ مہربان ہے اور مہربانی کو پسند فرماتا ہے۔

۱۵۰ مَنْ يُحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ

جوشخص نرمی سے محروم کیا جاتا ہے وہ (دوسرے لفظوں میں) بھلائی سے محروم کیا جاتا ہے۔

۱۵۱ اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ إِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

مسلمانوں میں کامل الایمان وہ لوگ ہیں جن کے اخلاق اچھے ہیں۔

۱۵۲ لَا تُكْثِرِ الضِّحْكَ فَإِنَّ كَثْرَةَ الضِّحْكِ تُمِيْتُ الْقَلْبَ

زیادہ نہ ہنسو اس لئے کہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ بنا دیتا ہے۔

۱۵۳ خَمْسٌ تَجِبُ لِلْمُسْلِمِ عَلَى اَخِيْهِ رَدُّ السَّلَامِ وَتَشْمِيْتُ الْعَاطِسِ وَاِجَابَةُ الدَّعْوَةِ وَعِيَادَةُ الْمَرِيْضِ وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ

پانچ چیزیں ایک مسلمان کے لیے اس کے بھائی پر واجب ہیں۔ اپنے بھائی کے سلام کا جواب دینا۔ چھینک کا جواب دینا۔ دعوت قبول کرنا۔ مریض کی عیادت کرنا۔ جنازوں کے ساتھ جانا۔

۱۵۴ مَنْ اَتٰى عَرَّافًا فَسَأَلَهُ عَنْ شَيْءٍ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلٰوةُ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً

جس شخص نے کسی کاہن کے پاس جا کر کوئی بات پوچھی اس کی چالیس دن کی نمازیں قبول نہ ہوں گی۔

آسان دعائیں

دعا کی اہمیت وفضیلت

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے فرمایا ہے کہ وہ دعائیں مانگا کریں وہ ضرور انہیں قبول فرمائے گا۔ چنانچہ فرماتا ہے۔

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اور اللہ سے دعائیں مانگو وہ تمہاری دعاؤں کو قبول فرمائے گا۔ اس آیت مبارکہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے بندوں کو دعا مانگنے کی تاکید فرمائی ہے اور اسے قبول کرنا اپنے ذمۂ کرم پر لیا ہے۔ حدیث پاک میں آیا ہے کہ نبی پاک ﷺ نے دعا سے متعلق فرمایا ''اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ'' دعا عبادت کا مغز ہے۔

علاوہ ازیں احادیث مبارکہ میں دعا کی بڑی اہمیت وفضیلت بیان فرمائی گئی ہے جن میں یہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ دعا مومن کا ہتھیار ہے (مشکوٰۃ) دعا تقدیر کو پلٹ دیا کرتی ہے (مشکوٰۃ) اور یہ بھی فرمایا کہ جو اللہ سے دعا نہیں مانگتا اللہ تعالیٰ اس پر غضب ناک ہوتا ہے (حصن حصین) لہٰذا ہمیں دعا مانگنے میں کسی طرح کی سستی وغفلت نہیں کرنی چاہیے بلکہ دعاؤں کی برکتوں سے اپنی بگڑی قسمت جگمگانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

اور خاص طور پر ہمیں ان دعاؤں کا ورد کرنا چاہیے جو حضور سے ثابت ہیں یا قرآن کریم میں ان کا ذکر ہو۔ اس سے انشاء اللہ تعالیٰ دعا جلد قبول ہوگی۔

دعائیں قبول ہونے کے اوقات

(۱) لیلۃ القدر (رمضان المبارک کی ستائیسویں رات)، (۲) یوم عرفہ (ذوالحجہ کی نویں تاریخ)، (۳) رمضان المبارک (پورا مہینہ)، (۴) شب برأت (پندرہویں شعبان کی رات)، (۵) جمعہ کی رات (خاص طور پر امام کے منبر پر بیٹھنے سے خطبہ سے فارغ ہونے تک)، (۶) جمعہ کے دن عصر سے مغرب کے درمیان کا وقت، (۷) رات کا پہلا تہائی یا درمیانی حصہ۔ (۸) رات کا نصف آخر۔ (۹) وقت سحر۔ (۱۰) افطار کے وقت۔ (۱۱) فرض نماز

کے بعد۔ (۱۲) زمزم پینے کے وقت۔ (۱۳) قرآن مجید کی تلاوت ختم کرنے کے بعد دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

جن لوگوں کی دعائیں قبول ہوتی ہیں

(۱) مجبور آدمی (۲) مظلوم اگرچہ گنہگار یا کافر ہو۔ (۳) باپ کی دعا اولاد کے حق میں۔ (۴) انصاف کرنے والے حکمراں کی دعا۔ (۵) نیک آدمی کی دعا۔ (۶) نیک اولاد کی دعا ماں باپ کے حق میں۔ (۷) مسافر کی دعا۔ (۸) مسلمان کی دعا اس کے مسلمان بھائی کے حق میں۔ (۹) جب تک آدمی ظلم یا رشتہ کاٹنے کی دعا نہ کرے یا یہ نہ کہے "میں نے دعا مانگی مگر قبول نہ ہوئی" (اس وقت تک دعا قبول ہوتی ہے)

وہ مقامات جہاں دعائیں قبول ہوتی ہیں

(۱) نبی پاک ﷺ کے روضہ مبارک اور اس کے گرد۔ (۲) طواف کرنے کی جگہ میں۔ (۳) ملتزم کے پاس۔ (۴) میزاب رحمت کے نیچے۔ (۵) بیت اللہ شریف کے اندر۔ (۶) آب زمزم کے پاس۔ (۷) صفا ومروہ پہاڑی پر۔ (۸) سعی کرنے کی جگہ (یعنی صفا ومروہ کے درمیان جہاں سات چکر لگائے جاتے ہیں۔ (۹) مقام ابراہیم کے پاس (مقام ابراہیم دراصل وہ پتھر ہے جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ کی دیواریں اور عمارت بنائی قرآن شریف میں اس کا ذکر موجود ہے اور وہاں خاص طور پر نماز پڑھنے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔ (۱۰) میدان عرفات میں (۱۱) مزدلفہ میں۔ (۱۲) منیٰ میں۔ (۱۳) تینوں جمروں کے پاس۔ (یہ تین ٹیلے ہیں جہاں حج کے درمیان کنکری ماری جاتی ہے)۔ (۱۴) اولیاء کرام کے مزارات کے پاس۔ (۱۵) مسجد میں۔

نوٹ: ان میں اکثر وہ جگہیں ہیں جہاں عام طور پر لوگ نہیں جا پاتے لہٰذا جانے والوں سے اپنے حق میں دعائیں کرانی چاہیے۔

دعا کے آداب

آداب دعا میں سے بعض ارکان کی حیثیت رکھتے ہیں جن کے کرنے کا حکم فرمایا گیا ہے اور بعض سے بچنے کو کہا گیا ہے۔ اور وہ آداب یہ ہیں: (۱) کھانے پینے لباس اور کاروبار میں حرام سے بچنا۔ (۲) اللہ تعالیٰ کا مخلص بندہ ہونا۔ (۳) دعا کرنے سے پہلے نیک کام کرنا اور سختی کے وقت اسے یاد کرکے دعا مانگنا۔ (۴) پاک وصاف حالت میں ہونا۔ (۵) باوضو ہونا۔ (۶) قبلہ رخ ہونا۔ (۷) دوزانو ہو کر بیٹھنا۔ (۸) دعا کے اول وآخر اللہ کی تعریف بیان کرنا۔ (۹) دعا کی ابتداء وانتہا میں حضور پر درود بھیجنا۔ (۱۰) ہاتھوں کو پھیلا کر رکھنا، ہاتھوں کو اٹھا کر مونڈھے کے برابر اور کھول کر رکھنا۔ (۱۱) ادب واحترام سے دعا مانگنا عاجزی اختیار کرنا، گڑگڑا کر دعا مانگنا۔ (۱۲) دعا مانگتے وقت آسمان کی طرف نہ دیکھنا دعا مانگنے میں پرتکلف خوش الحانی نہ کرنا اور ساتھ ہی بناوٹی انداز اختیار کرنے سے بچنا۔ (۱۳) دعا کے وقت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انبیاء کرام اور اولیاء عظام کا وسیلہ پیش کرنا۔ (۱۴) آواز پست رکھنا اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرنا۔ (۱۵) نبی پاک ﷺ کی بتائی ہوئی صحیح دعائیں اختیار کرنا کیونکہ آپ ﷺ نے کوئی دعاء سکھانے سے چھوڑا نہیں۔ (۱۶) پہلے اپنے لئے دعا مانگے پھر ماں باپ، بھائی بہن اور باقی مسلمانوں کیلئے دعا مانگے۔ (۱۷) صرف اپنے ہی لئے دعا نہ مانگے بلکہ دوسروں کے لئے بھی دعا مانگے۔ (۱۸) پختہ یقین سے دعا مانگنا چاہئے۔ (۱۹) دل کی گہرائی سے دعا مانگنا دل کو حاضر رکھنا اور قبولیت کی امید رکھنا بار بار دعا مانگنا۔ (۲۰) دعا میں حد سے نہ بڑھنا مثلاً کسی ناممکن چیز کے حاصل ہونے کے لئے دعا کرنا۔ (۲۱) اللہ کی رحمت میں تنگی نہیں کرنی چاہئے یعنی یہ نہ کہے "مجھے دے اور کسی دوسرے کو نہ دے۔" (۲۲) دعا مانگنے اور سننے والوں کا آمین کہنا۔ (۲۳) دعا سے فارغ ہونے کے بعد دونوں ہاتھوں کو چہرے پر پھیرنا۔ (۲۴) قبولیت میں جلدی نہ کرنا یعنی یہ کہ اس طرح نہ کہے کہ دعا قبول ہی نہیں ہوتی وغیرہ وغیرہ۔

قرآنی دعائیں

رحمت ومغفرت حاصل کرنے کیلئے یہ دعا پڑھیں

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (الاعراف)

دعا کی قبولیت کے لئے یہ پڑھیں

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (البقرہ)

نماز کی توفیق ملنے نیز اپنی اور والدین اور دیگر مؤمنین کی مغفرت کے لئے یہ دعا پڑھیں

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ

وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ (ابراہیم)

فسادیوں پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے یہ دعا پڑھیں

رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ (العنکبوت)

گناہوں سے توبہ کرنے لئے یہ دعا پڑھیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (الانبیاء)

صبر اور ثابت قدمی کی توفیق ملنے اور دشمنان دین پر کامیابی کے لئے یہ دعا پڑھیں

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا

وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (البقرہ)

دنیا وآخرت میں کامیابی اور عذاب جہنم سے چھٹکارہ حاصل کرنے کیلئے یہ دعا پڑھیں

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ (البقرہ)

گمراہی سے بچنے اور اللہ کی رحمت حاصل کرنے کیلئے یہ دعا پڑھیں

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ
لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ (آل عمران)

گناہوں سے معافی چاہنے اور کفّار کے مقابلے میں اللہ کی نصرت حاصل کرنے کیلئے یہ دعا پڑھیں

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَ
ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (آل عمران)

اللہ کی رحمتیں اور اس کی بخششیں حاصل کرنے کیلئے یہ دعا پڑھیں

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَآ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (التحریم)

صبح کی دعا

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ
شَاْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ
(حصن حصین)

شام کی دعا

اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمَآءَ
اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ (حصن حصین)

ایمان پر ثابت قدمی کے لئے یہ دعا پڑھیں

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ (مشکوٰۃ)

اللہ کا فرمانبردار بننے کے لئے یہ دعا پڑھیں

يَا مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قَلْبِيْ عَلٰى طَاعَتِكَ (مشکوٰۃ)

فقر و فاقہ اور عذاب قبر سے نجات کیلئے یہ دعا پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ

اللہ کی پناہ چاہنے کے لئے یہ دعا پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا
يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ

بھلائی کی توفیق ملنے اور برائی سے بچنے کے لئے یہ دعا پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ
وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَاِذَا اَرَدْتَ
بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ فِيْهِ

مسجد میں داخل ہوتے وقت پہلے درود پھر یہ پڑھیں

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

مسجد سے نکلتے وقت پہلے درود پھر یہ دعا پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

سوتے وقت یہ دعا پڑھیں

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا (بخاری شریف)

بیدار ہوکر یہ دعا پڑھیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

کھانا کھانے سے پہلے یہ دعا پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ یا یہ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ
فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (مشکوٰۃ)

کھانا کھانے کے بعد یہ دعا پڑھیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ (حصن حصین)

اگر دعا پڑھنا بھول جائیں تو درمیان میں یہ پڑھیں

بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ

بیت الخلاء جانے سے پہلے یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ (بخاری شریف)

بیت الخلاء سے فارغ ہوکر یہ دعا پڑھیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ (حصن حصین)

کپڑا پہنتے وقت یہ دعا پڑھیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ
وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیَاتِیْ (حصن حصین)

کپڑا اتارتے وقت یہ دعا پڑھیں

بِسْمِ اللّٰہِ

اس کی برکت سے اس کے اور جنوں کی آنکھوں کے درمیان حجاب پڑ جائے گا۔

بری نظر لگ جائے تو یہ دعا پڑھیں

بِاسْمِکَ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا (حصن حصین)

بخار آئے تو یہ دعا پڑھیں

بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ
کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ (حصن حصین)

جسم کے کسی حصے میں درد ہو تو یہ دعا پڑھیں

اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ

وضو کرنے کے بعد کی دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ (حصن حصین)
(اس دعا سے پہلے آسمان کی طرف دیکھ کر دوسرا کلمہ پڑھیں)

وضو کے درمیان یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ (نسائی)

چھینک آنے پر یہ دعا پڑھیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ گردو پیش جو ہیں وہ یہ پڑھیں
یَرْحَمُکَ اللّٰہُ اس کے جواب میں چھینکنے والا یہ دعا پڑھے
یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ

آئینہ دیکھتے وقت یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ کَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ خُلُقِیْ وَحَرِّمْ وَجْھِیْ عَلَی النَّارِ

سرمہ لگاتے وقت یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ

کسی کو رخصت کرتے وقت یہ پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اَطْوِلَہُ الْبُعْدَ وَھَوِّنْ عَلَیْہِ السَّفَرَ (مشکوٰۃ)

کسی سواری پر سوار ہوں تو یہ دعا پڑھیں

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

کشتی یا پانی کی جہاز پہ سوار ہوتے وقت یہ دعا پڑھیں

بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖھَا وَمُرْسٰھَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

سفر پہ جاتے وقت یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصُوْلُ وَبِکَ اَحُوْلُ وَبِکَ اَسِیْرُ (حصن حصین)

سفر سے واپسی پر یہ دعا پڑھیں

آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ (مشکوٰۃ)

قرض سے نجات کے لئے یہ دعا پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ
عَمَّنْ سِوَاكَ (مشکوٰۃ)

کسی چیز میں برکت کے لئے یہ دعا کریں

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيْهِ (حصن حصین)

مسلمان بھائی کی خوشی میں یہ پڑھیں

اَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ (حصن حصین)

ننانوے بیماریوں کا علاج

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (حصن حصین)

ننانوے بیماریوں کی دوا ہے جن میں سے سب سے ادنیٰ بیماری "غم" ہے۔

ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ

جو شخص استغفار کو اختیار کرے اللہ تعالیٰ اس کے لئے تنگی سے نکلنے کو راستہ بنا دیتا ہے اور ایسی جگہ سے رزق مہیا فرماتا ہے جس تک کسی کا وہم و گمان نہیں پہنچ سکتا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ

مصیبت زدہ کو دیکھ کر یہ دعا پڑھیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ
وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا (مشکوٰۃ)

(بخار، آشوبِ چشم اور زکام میں مبتلا شخص کو دیکھ کر یہ دعا نہ پڑھی جائے)

کسی سے ڈر ہو تو یہ دعا پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اكْفِنَاهُ بِمَا شِئْتَ (حصن حصین)

لاعلاج معاملے کا علاج

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (حصن حصین)

اعمال میں وسوسہ آنے پر، کتے یا گدھے کی آواز سننے پر، غصہ آنے اور نیا چاند دیکھنے پر یہ پڑھیں

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (مشکوٰۃ)

وسوسہ کو دل سے دور کرنے کی دعا

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (حصن حصین)

بیمار کی عیادت کے وقت یہ دعا پڑھیں

لَا بَاْسَ طُهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اَسْئَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ
رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ (حصن حصین)

تکلیف کے وقت یا کسی کے وصال کی خبر سن کر پڑھیں

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ (حصن حصین)

میت کو قبر میں رکھتے وقت یہ دعا پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (حصن حصین)

قبر میں سرہانے کی جانب سے تین مرتبہ مٹی ڈالیں

پہلی مرتبہ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ دوسری مرتبہ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ
تیسری مرتبہ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى پڑھ کر مٹی ڈالیں

مرنے والے کی زبان نزع کے وقت کھلی ہو تو اسے یہ دعا پڑھنی چاہئے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى (حصن حصین)

مرنے والے کے گرد جو لوگ جمع ہوں انہیں چاہئے کہ خود کلمہ کا ورد کریں تاکہ مرنے والا کلمہ پڑھ لے اسے کلمہ کی تلقین نہ کریں کہ ایسا نہ ہو کہ وہ کلمہ پڑھنے سے انکار کر دے۔

دشمن کا خوف ہو تو یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ (مشکوٰۃ)

قبرستان جائیں تو یہ دعا پڑھیں

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ (حصن حصین)

کسی کو نظر لگ جائے تو یہ دعا پڑھیں

بِاسْمِکَ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا

سستی سے نجات اور حصول قوت کیلئے یہ پڑھیں

سونے سے پہلے ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ (مشکوٰۃ)

پسندیدہ چیز نظر آئے تو یہ پڑھیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ

ناپسندیدہ چیز نظر آئے تو یہ دعا پڑھیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ (حصن حصین)

غم کے دور ہونے کے لئے یہ پڑھیں

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ (مشکوٰۃ)

ہر برائی سے نجات کا مجرب عمل

اگر دشمن کا خوف ہو تو سورہ قریش کی تلاوت ہر برائی سے امان ہے

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اٖلٰفِھِمْ رِحْلَۃَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ
فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ ھٰذَا الْبَیْتِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَھُمْ
مِنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَھُمْ مِنْ خَوْفٍ

دولہا کیلئے دعا اور مبارک بادی کیلئے

بَارَکَ اللّٰہُ عَلَیْکَ وَجَمَعَ بَیْنَکُمَا فِیْ خَیْرٍ (مشکوٰۃ)

میزبان (ضیافت کرنے والوں) کے لئے یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ فَاغْفِرْلَھُمْ وَارْحَمْھُمْ (مشکوٰۃ)

دودھ پیتے وقت یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ

بارش نہ ہو تو یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا (حصن حصین)

اذان کے وقت کیا پڑھیں؟

جوکلمات اذان میں مؤذن پکارتا ہے آپ اسے دہرائیں البتہ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ اور حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ سن کر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھیں۔ اذان ختم ہونے کے بعد پہلے درود پڑھیں

پھر اذان کے بعد کی دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ

نیند نہ لگنے پر یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَھَدَأَتِ الْعُیُوْنُ وَاَنْتَ حَیٌّ قَیُّوْمٌ لَا تَاْخُذُکَ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَھْدِئْ لَیْلِیْ وَاَنِمْ عَیْنِیْ

(حصن حصین)

نیند میں ڈر جائیں تو آنکھیں کھلنے پر یہ پڑھیں

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ (مشکوٰۃ)

ماں باپ اور دیگر مومنین کے لئے یہ دعا کریں

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ

کسی کے مال و اولاد میں برکت کیلئے یہ دعا پڑھیں

بَارَکَ اللّٰهُ فِیْ اَهْلِکَ وَمَالِکَ (حصن حصین)

اللہ کے ذکر اس کا شکر اور اس کی عبادت کی توفیق ملنے کے لئے یہ پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ (مشکوٰۃ)

بری عادتوں اور سخت دلی وغیرہ سے نجات کے لئے یہ دعا پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الشِّقَاقِ وَ النِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ (مشکوٰۃ)

اللہ تعالیٰ سے معافی چاھنے کیلئے یہ پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا (حصن حصین)

نفع بخش علم، عمل صالح اور رزق حلال ملنے کیلئے یہ دعا پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا وَّرِزْقًا طَیِّبًا (مشکوٰۃ)

اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے یہ دعا پڑھیں

رَضِیْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا وَّ بِالْقُرْاٰنِ حُکْمًا وَّ اِمَامًا

توبہ کرنے کے وقت یہ پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتُوْبُ اِلَیْکَ مِنْهَا لَا اَرْجِعُ اِلَیْهَا اَبَدًا اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُکَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُکَ اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ (حصن حصین)

زبان پر ھلکے مگر میزان پر بھاری دو عظیم کلمے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ (بخاری شریف)

پنج گانہ نمازوں کے بعد کے مخصوص وظائف

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص فرض نمازوں کے بعد سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰه،

اللّٰهُ اَکْبَرُ سو مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۱۰۰ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ پڑھے۔ اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ اگر چہ اس کے گناہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں اور دوسری حدیثوں میں یہ فضیلت ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰه، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اللّٰهُ اَکْبَرُ اور ایک مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پڑھنے کی بھی آئی ہے۔ (حصن حصین)

بعض قرآنی سورتوں کی فضیلت اور فوائد

سورہ فاتحہ کی فضیلت: نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: سورہ فاتحہ ہر مرض (بیماری) کے لیے شفا ہے (کنز العمال) اور فرمایا: جس نے گھر میں سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی پڑھ لی تو اس دن اس کے گھر والوں کو کسی جن یا کسی انسان کی نظر نہیں لگے گی۔

آیۃ الکرسی کی فضیلت: نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: قرآن کی آیتوں کی سردار آیۃ الکرسی ہے (مستدرک) جو شخص فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے گا تو دوسری نماز تک اللہ کی حفاظت اور ذمہ میں رہے گا۔ (حصن حصین)

سورہ یٰس کی فضیلت: نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص سورہ یٰس پڑھے گا اس کے لیے اس سورہ کو پڑھنے کے عوض دس بار قرآن پڑھنے کا ثواب لکھا جائے گا۔ (ترمذی) یہ بھی فرمایا: جو سورہ یٰس پڑھے گا اس کی مغفرت ہو جائے گی تم اس کو اپنے مُردوں کے پاس پڑھا کرو۔ (ترغیب)

سورہ واقعہ کی فضیلت: نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: سورہ واقعہ بے نیاز کر دینے والی سورہ ہے اس لیے تم اسے خود بھی پڑھو اور اپنی اولاد کو بھی اس کی تعلیم دو (درمنثور) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو ہر رات سورہ واقعہ پڑھے گا وہ کبھی بھی فاقہ کا شکار نہ ہوگا۔ (اذکار امام نووی)

سورہ فلق و ناس کی فضیلت: ان دونوں سورتوں کو معوذتین بھی کہتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ہر نماز کے بعد معوذات پڑھا کرو۔ یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور قل ھو اللہ احد (درمنثور)

****